| Narration | Time |
|---|---|
| Meet the GIMP میں خوش آمدید ۔ یہ ٹیوٹوریل شمالی جرمنی کے بریمین میں رالف سٹانورٹ کی طرف سے تیار ہے۔ | 00:23 |
| اس ٹیوٹوریل میں، میں ڈرائنگ ٹول کی تفصیل سے وضاحت کروں گا۔ | 00:30 |
| پہلا ڈرائنگ ٹول Pencil ہے اور یہ بہت سخت کناروں کے ساتھ کام کرتا ہے۔ | 00:37 |
| یہاں میں نے ایک سیدھی لائن کھینچی ہے اور اگر میں امیج پر میں زوم کرتا ہوں، تو آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ہر پکسل سیاہ یا سفید ہے۔ | 00:44 |
| جب میں ڈرائنگ کے لئے پینٹ برش منتخب کرتا ہوں، تو مجھے ایک لائن حاصل ہوتی ہے جس کے سوفٹ کنارے ہوتے ہیں۔ | 01:01 |
| اور جب میں واپس زوم پر سوئچ کرتا ہوں، تو آپ پنسل سے کھینچے جانے پر ظاہر jaggies کے ساتھ ایک ہارڈ لائن دیکھ سکتے ہیں۔ | 01:08 |
| اور جب میں پینٹ برش سے بناتا ہوں تو مجھے ایک سوفٹ لائن حاصل ہوتی ہے۔ | 01:17 |
| یہاں واپس Pencil پر آئیں۔ | 01:29 |
| آپ دیکھتے ہیں کہ پنسل سے بنے کنارے بہت شارپ ہیں اور پینٹ برش والے کنارے چکنے ہیں۔ | 01:32 |
| لیکن آپ یہاں jaggies نہیں دیکھ سکتے ہیں۔ | 01:40 |
| اسے آنکھ کی ٹرک کہا جاتا ہے۔ | 01:44 |
| جب میں اسے بڑا کرتا ہوں تو آپ اسے یہاں anti-aliased دیکھتے ہیں۔ | 01:47 |
| یہ پنسل اور پینٹ برش کے درمیان بنیادی فرق ہے۔ | 01:53 |
| دوسری صورت میں وہ تقریبا ایک جیسی ہیں اور ان کے آپشنس بھی تقریبا ایک جیسے ہیں۔ | 01:59 |
| اب پینٹ برش کے ساتھ شروع کرتے ہیں۔ | 02:13 |
| ٹول باکس میں پینٹ برش ٹول پر کلک کریں، آپ کو اس کے لئے آپشنس حاصل ہوتے ہیں۔ | 02:16 |
| یہ Modes بالکل لیئر موڈس کی طرح ہیں جیسا کہ آپ یہاں multiply یا overlay وغیرہ کو دیکھ سکتے ہیں۔ | 02:25 |
| یہاں Opacity سلائیڈر دیا گیا ہے اور اس کا استعمال کرتے ہوئے آپ لائن کی visibility یعنی اظہار اور رنگ کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ | 02:40 |
| میں ویلیو کو 25% پر سلائڈ کرتا ہوں اور اب جب میں ڈرا کرتا یعنی بناتا ہوں، تو مجھے سیاہ کے بجائے ہلکے سرمئی رنگ کی لائن حاصل ہوتی ہے۔ | 02:50 |

| | |
|---|---|
| 03:02 | اور جب میں اس لائن کو ایک نئی لائن سے کراس کرتا ہوں، تو آپ دیکھ سکتے ہیں کہ رنگ گہرا ہوتا جاتا ہے لیکن یہ صرف اس وقت ہوتا ہے اگر میں اس کے اوپر ایک نئی لائن لے جاتا ہوں. |
| 03:22 | میں اس حصہ میں زوم کرتا ہوں اور ایک بڑا برش منتخب کرتا ہوں. |
| 03:26 | اور اب جب میں لائن کھینچتا ہوں، تو یہ سرمئی رنگ کی ہوتی ہے. |
| 03:30 | اور میں دوسری لائن کھینچتا ہوں اور ان دو لائنوں کا انٹرسیکشن یعنی کٹان گہرے سرمئی رنگ کا ہوتا ہے. |
| 03:36 | اور اب میں یہاں تیسری لائن کھینچتا ہوں انٹرسیکشن زیادہ گہرا سُرمئی رنگ کا ہوتا جاتا ہے لیکن جب میں اسی لائن پر واپس پینٹ کرتا ہوں تو اس کا رنگ گہرا نہیں ہوتا ہے. |
| 03:48 | لہذا یہ صرف سٹروک ٹو سٹروک کام کرتا ہے، آپ آسانی سے ایک علاقے کو گرے رنگ سے پینٹ کر سکتے ہیں، آپ کو اسے بھرتے وقت احتیاط سے دیکھنے کی ضرورت نہیں ہے. |
| 04:15 | یہاں آپ Incremental نامی ایک آپشن دیکھ کر سکتے ہیں. |
| 04:20 | جب آپ Incremental منتخب کرتے ہیں، تو آپ کو مزید مضبوط اثر حاصل ہوتا ہے. |
| 04:29 | Brushes کے آپشن پر جاتے ہیں اور یہاں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ اس برش کی سپیسنگ کو 20% پر سیٹ کیا گیا ہے. |
| 04:45 | Brushes بنیادی طور پر ایک سٹیمپ ہوتی ہے جو ایک ہی پیٹرن کو بار بار سٹیمپ کرتا ہے. |
| 04:54 | اور جب میں یہاں زوم کرتا ہوں تو آپ دیکھ سکتے ہیں کہ، برش کے سائز کے 20% کے بعد، وہاں اس برش کا اگلا امپریشن ہوتا ہے. |
| 05:07 | یہاں ہر برش خود کو ڈھک لیتا ہے. |
| 05:19 | جب آپ Incremental آپشنس کو غیر منتخب کرتے ہیں تو، آپ برش کی ہر سٹیمپنگ دیکھ سکتے ہیں، لیکن وہاں کوئی بھی پینٹنگ نہیں ہے اور مجھے ایک دوسری لائن شروع کرنی ہے. |
| 05:34 | اور جب میں Incremental منتخب کرتا ہوں، میں بار بار پینٹ کر سکتا ہوں. |
| 05:47 | 100% پر واپس جائیں. |
| 05:53 | میں نے Opacity اور Incremental آپشنس کے بارے میں بتایا۔ |
| 05:57 | 100% کی اوپسٹی پر واپس جاتے ہیں، میں دوبارہ مکمل سیاہ رنگ بنا سکتا ہوں. |
| 06:07 | Incremental صرف تبھی بامعنی ہوتا ہے اگر آپ نے 100% سے کم اوپسٹی سیٹ کی ہو. |

| | |
|---|---|
| 06:15 | اسکیل سلائیڈر یہاں برش کے diameter یعنی قطر کو کنٹرول کرتا ہے اور جب میں نیچے 1 تک سلائڈ کرتا ہوں، آپ کو ایک چھوٹے سائز کا برش حاصل ہوتا ہے. |
| 06:31 | جب میں برش ویلیو 0.05 پر اسکیل کرتا ہوں، میں ایک بہت ہی پتلی لائن کھینچ سکتا ہوں، اب میں سلائیڈر و ویلیو 2 سیٹ کرتا ہوں اور مجھے ایک چوڑی لائن حاصل ہوتی ہے. |
| 06:48 | اسکیل بنیادی طور پر برش کے قطر کو کنٹرول کرتا ہے اور آپ اسے کی بورڈ کے بڑے بریکیٹس سے بھی کنٹرول کر سکتے ہیں. |
| 07:15 | کھلے بڑے بریکٹ کی مدد سے، میں برش کے سائز کو کم کرسکتا ہوں اور بند بڑے بریکٹ سے، میں اس کے سائز کو بڑھا سکتا ہوں. |
| 07:32 | آپ دیکھ سکتے ہیں کہ برش تقریبا پوشیدہ ہے. |
| 07:38 | لہذا میں بغیر وہ مقام چھوڑے، جسے میں پینٹ کر رہا ہوں، برش کے سائز کو ایڈجسٹ کرسکتا ہوں |
| 07:51 | اگر GIMP کے لوگوں میں سے کوئی کچھ کرنا چاہتا ہے، تو میں سلائیڈر کو واپس 1 پر لے جانے کے لئے ایک بٹن چاہوں گا. |
| 08:03 | لہذا Scale آپشن کو شامل کیا گیا ہے. |
| 08:06 | میں اگلے ٹیوٹوریل میں برش کو تفصیل سے سمجھاوں گا. |
| 08:12 | یہاں Pressure sensitivity نامی ایک آپشن ہے اور میں اسے امیج کو ایڈیٹ کرتے وقت استعمال کرسکتا ہوں. اب، |
| 08:30 | اوپسٹی پر ایک نظر ڈالتے ہیں. |
| 08:35 | اب جب میں بغیر زیادہ دباؤ کے اسے بناتا ہوں، تو آپ کو ایک لائن حاصل ہوتی ہے جو رنگ میں سُرمئی رنگ کی ہوتی ہے اور جب میں دباؤ میں اضافہ کرتا ہوں تو مجھے گہرے رنگ کی لائن حاصل ہوتی ہے اور جب میں دباؤ کم کرتا ہوں تو مجھے ہلکے رنگ کی لائن حاصل ہوتی ہے. |
| 09:04 | یہ آپشن فائدہ مند ہے، اگر آپ ایک ماسک کو پینٹ کر رہے ہوں. |
| 09:09 | یہ کافی فائدہ مند ہوتا ہے. |
| 09:17 | اگلا آپشن hardness ہے. |
| 09:20 | جب میں بغیر زیادہ دباؤ کے ڈرا کرتا یعنی بناتا ہوں، تو ایک سوفٹ بارڈر حاصل ہوتا ہے اور جب میں دباؤ میں اضافہ کرتا ہوں، تو پینٹ برش ایک قلم کی طرح کام کرتا ہے. |

| | |
|---|---|
| 09:38 | جب میں پنسل ٹول منتخب کرتا ہوں اور ڈرا کرتا ہوں، تو مجھے ہارڈ بارڈر حاصل ہوتا ہے، یہ ایک ہارڈ بارڈر بنا سکتا ہے اگر واقعی ٹیبلیٹ پر دباؤ ڈالا جائے. |
| 09:51 | میں Pressure sensitivity سے برش کے سائز کو تبدیل کر سکتا ہوں. |
| 10:00 | اس کے علاوہ میں Pressure sensitivity سے رنگ بھی تبدیل کر سکتا ہوں. |
| 10:05 | تو میں بیک گراؤنڈ رنگ سے دوسرا رنگ منتخب کر سکتا ہوں، یہ یہاں کیسا ہے، |
| 10:12 | چلئے اس سرخ رنگ کا انتخاب کرتے ہیں. |
| 10:15 | اور فورگراونڈ رنگ کے لئے اس اچھے سبز رنگ کا انتخاب کرتے ہیں. |
| 10:21 | اور جب میں کم دباؤ کے ساتھ، منتخب رنگ سے پینٹ کرنا شروع کرتا ہوں تو مجھے سبز رنگ حاصل ہوتا ہے اور جب میں دباؤ میں اضافہ کرتا ہوں تو مجھے سرخ رنگ حاصل ہوتا ہے اور اگر ریلیز کرتا ہوں تو مجھے دوبارہ سبز رنگ یا سبز مادہ حاصل ہوتا ہے. |
| 10:41 | اور درمیان میں رنگ سبز اور سرخ کے درمیان بدل جاتا ہے |
| 10:49 | آخری آپشن گریڈئینٹ سے رنگوں کا استعمال کرنا ہے. |
| 11:01 | گریڈئینٹ منتخب کرنے کے لئے، File, Dialogs اور Gradients پر جائیں |
| 11:18 | یہاں گریڈئینٹ ہے. |
| 11:20 | اب میں صرف اس ونڈو کو کھولتا ہوں اور اسے یہاں کھینچتا ہوں، اب یہاں مجھے ایک gradient حاصل ہوتا ہے. |
| 11:28 | گریڈئینٹ میں، میرے پاس بہت سے پیٹرن ہیں. |
| 11:33 | اس کا انتخاب کرتے ہیں اور اب میں یہاں واپس آتا ہوں. |
| 11:42 | اب جب میں پینٹ کر رہا ہوں، پینٹ اس پیٹرن کے ذریعے گریڈئینٹ پر جاتا ہے. |
| 11:48 | گریڈئینٹ کے ساتھ لکھنا یا کام کرنا کافی مزے دار ہوتا ہے. |
| 12:02 | یہ ٹیوب سے بنا ہوا ظاہر ہوتا ہے. |
| 12:07 | یہ گریڈئینٹ کے آپشنس تھے. |
| 12:11 | یہ آپشنس ان تمام ٹولز کے لئے یکساں ہیں جو brushes استعمال کرتے ہیں |
| 12:30 | یعنی Pencil، Paint brush، Eraser اور airbrush، جن کے کچھ اضافی آپشنس ہوتے ہیں. |
| 12:50 | Ink میں کوئی برش نہیں ہوتا لیکن اس میں بہت سے دوسرے آپشنس ہوتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 12:55 | Clone tool(کلون ٹول)، Healing tool(شفایابی کا آلہ)، Perspective clone tool(پرسپیکٹو کلون ٹول) اور ٹولز جیسے blur(بلر)، sharpen(شارپن) یا dodge(ڈوج) اور burn(برن) جیسے ٹولز میں بھی برشوں کا آپشن ہوتا ہے. |
| 13:14 | اب پنسل اور پینٹ برش پر واپس آتے ہیں. |
| 13:21 | اسے دوبارہ صاف کرتے ہیں. |
| 13:24 | یہاں کچھ ٹرکس ہیں جنہیں آپ یہاں استعمال کر سکتے ہیں. |
| 13:29 | پہلی ٹرِک ایک لائن کھینچنے کے بارے میں ہے. |
| 13:33 | جب میں ایک سیدھی لائن کھینچنے کی کوشش کرتا ہوں تو یہ تھوڑا سا مشکل ہوتا ہے. |
| 13:39 | لیکن جب میں پہلے ایک کلک کر کے ایک نقطہ مقرر کرتا ہوں اور shift کی دباتا ہوں تو مجھے ایک سیدھی لائن حاصل ہوتی ہے. |
| 13:48 | یہاں مجھے ایک سیدھی لائن حاصل ہوجاتی ہے. |
| 13:51 | اگلی ٹرک صرف ایک نقطہ مقرر کرنا اور Shift + Ctrl دبانا ہے، اب میری لائن کی روٹیشن 15 ڈگری پر لاک ہوجاتی ہے. |
| 14:05 | اور اس وجہ سے میں آسانی سے متعین شدہ زاویوں کے ساتھ سیدھی لائنیں ڈرا کرسکتا یعنی بنا سکتا ہوں. |
| 14:20 | یہاں یہ کتنا اچھا ماسٹر پیس ہے. |
| 14:24 | یہاں کچھ اور بھی ہے جو آپ Shift کی کے ساتھ کر سکتے ہیں. |
| 14:29 | اس کے لئے Gradient ٹول منتخب کریں. |
| 14:37 | منتخب کردہ گریڈئینٹ کے ساتھ ایک لائن ڈریگ کریں، آپ کو بہت سے رنگ حاصل ہوتے ہیں. |
| 14:45 | میں ایک چھوٹا سا Brush منتخب کرتا ہوں اور Gradient ٹول کو غیر منتخب کرتا ہوں اور اپنے معیاری رنگوں کا انتخاب کرتا ہوں. |
| 14:55 | اب جب میں Ctrl کی دباتا ہوں، میں اس لائن سے ایک رنگ منتخب کرسکتا ہوں، جو میں نے کھینچی ہے، آپ دیکھ سکتے ہیں، فورگراونڈ رنگ نیلے رنگ کی ٹون میں بدل گیا ہے. |
| 15:09 | لہذا میں امیج کے باہر کہیں سے ایک رنگ لے سکتا ہوں، جو کافی اچھا ہو. |
| 15.17 | اور اگر آپ ایک تصویر میں کچھ پینٹ کرنا چاہتے ہیں اور اس میں وہی رنگ ہے جو آپ بھرنا چاہتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 15.25 | اس پر صرف ctrl دبا کر کلک کریں، آپ کے پیلٹ میں وہ مخصوص رنگ شامل ہو جاتا ہے. |
| 15.36 | یہ ایک اچھی ٹرک ہے. |
| 15.39 | بنیادی طور پر Eraser ٹول، pen یا Brush کی طرح ٹول ہے کیونکہ یہ ان کے بالکل برعکس ہے. |
| 15.52 | Eraser بھی پینٹ کرتا ہے لیکن یہ بیک گراؤنڈ رنگ فراہم کرتا ہے. |
| 15.57 | آپ یہاں دیکھ سکتے ہیں. |
| 16.00 | لیکن اس کے لئے آپ کو pressure sensitivity یا opacity کو غیر منتخب کرنا چاہئے. |
| 16.08 | جب میں صرف فور گراؤنڈ رنگ اور بیک گراؤنڈ رنگ کو سیاہ اور سفید رنگ میں سوئچ کرتا ہوں اور سفید رنگ کو فور گراؤنڈ رنگ میں سوئچ کرتا ہوں، Pen کو منتخب کرتا ہوں مجھے Eraser کی مانند اِفیکٹ یعنی اثر حاصل ہو سکتا ہے. |
| 16.25 | رنگ تبدیل کرنے کے بعد erasing کے نتیجے میں سیاہ رنگ حاصل ہوتا ہے. |
| 16.41 | آپ X کی دبا کر فور گراؤنڈ اور بیک گراؤنڈ رنگ کو تبدیل کر سکتے ہیں. |
| 16.50 | میں نے تفصیل سے Pencil، Paint brush اور Eraser کے بارے میں بیان کیا |
| 16.59 | مزید معلومات کے لئے http://meetthegimp.org پر جائیں اور اگر آپ کو کوئی تبصرہ کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی info@meetthegimp.org پر لکھیں .الوداع |
| 17.10 | اس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے .شامل ہونے کے لئے شکریہ. |
| | |